## رہبر معظم کی طرف سے نمائندہ وفود نے جانبازوں کی عیادت کی - 16 /Jul/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی طرف سے حضرت ابوالفضل العباس ( ع)کی ولادت باسعادت اور یوم جانباز کی مناسبت سے تین وفود نے تہران کے بعض محلوں میں جانبازوں کی عیادت اور مزاج پرسی کیۂ حجج اسلام والمسلمین تقوی ، ابراہیمی اور قمی کی سرپرستی میں تین وفود نے رہبر معظم انقلاب اسلام کی نمائندگی میں تہران کے مختلف محلوں میں بعض جانبازوں کے گھروں میں پہنچ کر ان سے ملاقات، گفتگو اور عیادت کی اور جانبازوں کی زندگی کے حالات اور انھیں درپیش مشکلات و مسائل کا جائزہ لیا ۔ وفود کے اراکین نے انقلاب اسلامی کے سرافراز جانبازوں کی فداکاری اور جان نثاری پر ان کی قدردانی اور شکریہ ادا کیا